Social Security Scotland
Tèarainteachd Shòisealta Alba

کیئرر سپورٹ پیمنٹ

کیئرر سپورٹ پیمنٹ کیا ہے؟

اسکاٹ لینڈ میں ڈیپارٹمنٹ فار ورک اینڈ پنشنز (DWP) سے کیئررز الاؤنس کی جگہ کیئرر سپورٹ پیمنٹ لے رہی ہے۔ کیئرر سپورٹ پیمنٹ ان لوگوں کے لیے رقم ہے جو کسی ایسے شخص کی دیکھ بھال کرتے ہیں جو معذور ہے یا جس کو صحت کا طویل مدتی عارضہ لاحق ہے۔

اس بینفٹ یعنی مالی مدد کو مرحلہ وار متعارف کرایا جا رہا ہے۔ پرتھ اینڈ کنروس، ڈنڈی سٹی اور ویسٹر آئلز کے لوکل اتھارٹی کے علاقوں میں رہنے والے لوگ 20 نومبر 2023 سے کیئرر سپورٹ پیمنٹ کے لیے درخواست دینے کے قابل ہو گئے ہیں۔

کیئرر سپورٹ پیمنٹ اسکاٹ لینڈ میں خزاں 2024 میں دستیاب ہوگی۔

کون درخواست دے سکتے ہیں؟

اہل ہونے کے لیے، ایک نگہداشت کار کیلئے ضروری ہے کہ

- 16 یا اس سے زیادہ عمر کا ہو
- کسی بھی عمر کے کسی ایسے شخص کو ہفتے میں 35 گھنٹے یا اس سے زیادہ بلا معاوضہ نگہداشت فراہم کریں جس کو
- معذوری کے کچھ بینیفٹس یعنی مالی وظائف ملتے ہوں
- کچھ کٹوتیوں کے بعد اوسطاً £151 فی ہفتہ یا اس سے کم کماتا ہو
- ایسے علاقے میں رہتا ہو جہاں یہ بینفٹ یعنی مالی مدد دستیاب ہو۔

کیئرر سپورٹ پیمنٹ کتنی ہے اور یہ کب ادا کی جائے گی؟

کیئرر سپورٹ پیمنٹ اسی شرح پر ادا کی جائے گی جو کیئررز الاؤنس کی تھی۔ یہ فی الحال £81.90 فی ہفتہ یا £327.60 ہر 4 ہفتوں میں ہے۔

کیا کوئی دوسرے بینفٹس یعنی مالی وظائف حاصل کرنے پر کیئرر سپورٹ پیمنٹ حاصل کر سکتا ہے؟

لوگ دوسرے بینفٹس کے ساتھ ساتھ کیئرر سپورٹ پیمنٹ بھی حاصل کر سکتے ہیں۔ اگر وہ 'مینز-ٹیسٹڈ' یعنی ذرائع کی چھان بین والے بینفٹس حاصل کرتے ہیں جیسے یونیورسل کریڈٹ، تو کیئرر سپورٹ پیمنٹ ان کو ملنے والی رقم کو متاثر کر سکتی ہے۔ انھیں عام طور پر مجموعی طور پر فائدہ ہوگا کیونکہ وہ نگہداشت کارہونے کے ناطے ان بینفٹس میں اضافی رقم حاصل کر سکتے ہیں۔

اگر کسی نگہداشت کارکو آمدنی بدلنے' کے بینفٹس ملتے ہیں جیسے کہ اسٹیٹ پنشن یا 'نئے طرز کا' ایمپلائمنٹ اینڈ سپورٹ الاؤنس، تو اس سے کیئرر سپورٹ پیمنٹ کی وہ رقم متاثر ہو سکتی ہے جو وہ حاصل کر سکتے ہیں۔

اگر ان کا بینفٹ کیئرر سپورٹ پیمنٹ کے برابر یا اس سے زیادہ ہو، تو ان کو 'بنیادی استحقاق' حاصل ہو سکتا ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ وہ کیئرر سپورٹ پیمنٹ میں کوئی رقم وصول نہیں کریں گے، لیکن وہ اضافی بینفٹس یا موجودہ بینفٹس بشمول پنشن کریڈٹ حاصل کرنے کے قابل ہو سکتے ہیں۔

کیا کیئرر سپورٹ پیمنٹ حاصل کرنے سے دیکھ بھال حاصل کرنے والے شخص کے بینفٹس پر اثر پڑتا ہے؟

جس شخص کی دیکھ بھال کی جا رہی ہے اس کی معذوری کے بینفٹس (بشمول ایڈلٹ ڈس ایبلٹی پیمنٹ، چائلڈ ایڈلٹ ڈس ایبلٹی پیمنٹ، پرسنل انڈیپنڈنس پیمنٹ، اور ڈس ایبلٹی لونگ الاؤنس) متاثر نہیں ہونا چاہیے کیونکہ کیئرر سپورٹ پیمنٹ تو ان کے نگہداشت کارکو ملتی ہے۔

اگر دیکھ بھال حاصل کرنے والے شخص کو سیوئر ڈس ایبلٹی پریمیم یعنی شدید معذوری کا پریمیم ملتا ہے - ایک اضافی رقم جو کچھ مینز – ٹیسٹڈ یعنی چھان بین شدہ ذرائع میں شامل ہوتی ہے - تو انہیں عام طور پر یہ ملنا بند ہو جائے گا اگر ان کے نگہداشت کار کو کیئرر سپورٹ پیمنٹ موصول ہوتی ہے۔ انہیں کونسل ٹیکس میں تخفیف ملنا بھی بند ہوسکتا ہے۔

اگر کسی کو پہلے ہی DWP سے کیئررز الاؤنس ملتا ہو تو کیا ہوگا؟

وہ لوگ جو اسکاٹ لینڈ میں رہتے ہیں اور پہلے ہی کیئررز الاؤنس حاصل کرتے ہیں انہیں کیئرر سپورٹ پیمنٹ کے لیے درخواست دینے کی ضرورت نہیں۔ ان کو ملنے والی ادائیگی کیئررز الاؤنس سے خودبخود کیئرر سپورٹ پیمنٹ میں منتقل ہو جائے گی ۔ انہیں یہ بتانے کے لیے ایک خط ملے گا کہ یہ کب ہو رہا ہے۔

کیا طلباء کیئرر سپورٹ پیمنٹ حاصل کر سکتے ہیں؟

20 سال یا اس سے زیادہ عمر کے تمام طلباء نگہداشت کاران کیئرر سپورٹ پیمنٹ کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔ 19-16 سال کی عمر کے طلباء جو کچھ کل وقتی کورسز پڑھ رہے ہیں، بشمول سیکنڈری اسکول یا کالج میں نیشنلز یا ہائیرز، وہ اہل نہیں ہوں گے۔

اسکاٹ لینڈ میں زیادہ طلبا کیئررز الاؤنس سے زیادہ کیئرر سپورٹ پیمنٹ کے اہل ہوں گے، جو اس بینفٹ کی جگہ لے گی۔ کیئررز الاؤنس صرف جز وقتی تعلیم حاصل کرنے والے طلباء کے لیے دستیاب ہے۔

اگر ایک طالب علم کیئررز الاؤنس حاصل کرتا ہے اور وہ کل وقتی تعلیم حاصل کرنا چاہتا ہے، تو وہ اس کے بجائے کیئرر سپورٹ پیمنٹ کے لیے درخواست دے سکتے ہیں جب یہ وہاں دستیاب ہو جائے گا وہ جہاں رہتے ہیں۔

اضافی مالی مدد

DWP سے کیئرر سپورٹ پیمنٹ، یا کیئررز الاؤنس حاصل کرنے والے نگہداشت کاران کو ایک مخصوص تاریخ پر، کیئررز الاؤنس سپلیمنٹ بھی ملے گا۔ یہ £288.60 کی خودکار ادائیگی ہے جو سال میں 2 بار ادا کی جاتی ہے۔

لوگوں کو درخواست کس طرح دینا چاہیے؟

لوگ **mygov.scot/carersupport** پر مزید معلومات حاصل کر سکتے ہیں اور آن لائن درخواست دے سکتے ہیں۔ لوگ ذاتی طور پر، فون پر بھی درخواست دے سکتے ہیں یا ہمیں **0800 182 2222.** پر مفت کال کرکے ڈاک کے ذریعے کاغذی درخواست فارم طلب کرسکتے ہیں۔

درخواست دینے کے لیے سپورٹ سکاٹ لینڈ میں ہر لوکل اتھارٹی میں ہمارے خصوصی تربیت یافتہ کلائنٹ ایڈوائزرز سے دستیاب ہے۔ نگہداشت کاران ہمیں کسی ایسے مقام اور وقت پر اپوائنٹمنٹ بُک کرنے کے لیے کال کر سکتے ہیں جو ان کے لیے مناسب ہو یا تو ان کی لوکل کمیونٹی میں یا گھر پر، ویڈیو کال کے ذریعے یا ٹیلی فون کے ذریعے۔

نگہداشت کاران کے لیے دیگر معاونت

نگہداشت کاران کے لیے دستیاب ہو سکنے والی دیگر معاونت کے بارے میں **mygov.scot/carersupport** پر معلومات حاصل کریں۔

لوگ ہم سے کیسے رابطہ کر سکتے ہیں؟

ہمیں مفت کال کریں: 0800 182 2222

ٹیکسٹ ریلے سروس: 0300 244 4000 +18001(سماعت میں مشکل رکھنے والوں کے لیے)

برٹش سائن لینگویج استعمال کرنے والے: contactscotland-bsl.org

Webchat: chat.socialsecurity.gov.scot

سوشل سکیورٹی سکاٹ لینڈ کی پیروی کریں